کے ساتھ ساتھ دینی احکام اور شرعی کارروائیوں کو بھی نمایاں کیا گیا ہے۔ بطور خاص ہر بحث میں قرآن سے استدلال کیا گیا ہے۔

خدا کا شکر ہے کہ عیسائیوں نے جس غلو سے کام لیا تھا اور جس کے اثرات مسلمانوں میں بھی پھیلے ہیں، اُس سے یہ کتاب محفوظ ہے۔ اس دَور کا ایک فتنہ نبوت محمدیہ کے بارے میں غلو ہے۔ خدا اس فتنے سے اُمت کو مامون رکھے۔

قاموس الاقبال (۲ جلد) مرتب: جناب پروفیسر عبدالجبار شاکر۔ ایم۔اے ایل۔ایل۔بی

ناشر: بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن۔

اقبال کے متعلق شائع شدہ تمام کتب، خاص نمبروں اور مقالات وغیرہ کی پوری فہرست جناب عبدالجبار شاکر نے مرتب کر کے اہلِ علم و تحقیق پر خصوصاً اور اساتذہ و طلبہ پر عموماً بہت احسان کیا ہے۔ پروفیسر خواجہ غلام صادق کے یہ الفاظ حقیقت کے آئینہ دار ہیں کہ:

"جناب عبدالجبار شاکر صاحب مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انھوں نے بہت تھوڑے عرصے میں اقبالیات پر مشتمل مکمل ترین کتابیات ترتیب دی ہے اور یوں اقبال سکالرز کے لیے تحقیق کے نئے عنوانات کی راہ ہموار کی ہے" (جلد ۲)

"یہ اقبالیات پر جدید ترین اور مفید مجموعۂ کتابیات ہے"۔ (جلد ۱)

قاموس میں بعض ایسی کتب اور رسائل کے مندرجات کی نشاندہی ہے جو عام نگاہوں سے بالکل اوجھل ہیں۔ شاکر صاحب نے متعدد نایاب چیزوں تک رسائی حاصل کر لی ہے۔

الحسنات۔ نماز نمبر مدیر صابر قرنی - قیمت نماز نمبر ۸ روپے۔ چندہ سالانہ الحسنات ۴۰/- روپے

پتہ: c ۱۹ منصورہ۔ ملتان روڈ۔ لاہور

صابر قرنی صاحب کئی سال سے الحسنات کے ذریعے خواتین، طلبہ، بچوں اور کم خواندہ لوگوں تک